مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد

کد کنترل

810

A

810A

«اگر دانشگاه اصلاح شود مملکت اصلاح می‌شود.»
امام خمینی (ره)

جمهوری اسلامی ایران
وزارت علوم، تحقیقات و فنّاوری
سازمان سنجش آموزش کشور

عصر پنجشنبه
۱۳۹۸/۳/۲۳

# آزمون ورودی دوره‌های کارشناسی‌ارشد ناپیوستهٔ داخل ـ سال ۱۳۹۸

## زبان و ادبیات اردو ـ کد (۱۱۲۹)

تعداد سؤال: ۱۲۰

مدت پاسخ‌گویی: ۱۲۰ دقیقه

عنوان مواد امتحانی، تعداد و شمارهٔ سؤالات

| ردیف | مواد امتحانی | تعداد سؤال | از شمارهٔ | تا شمارهٔ |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | دستور زبان تخصصی اردو | ۲۵ | ۱ | ۲۵ |
| ۲ | متون تخصصی | ۲۰ | ۲۶ | ۴۵ |
| ۳ | ادبیات منظوم | ۳۰ | ۴۶ | ۷۵ |
| ۴ | ادبیات منثور | ۲۵ | ۷۶ | ۱۰۰ |
| ۵ | تاریخ ادبیات اردو | ۱۰ | ۱۰۱ | ۱۱۰ |
| ۶ | ترجمه متون سیاسی، فرهنگی، ادبی و اجتماعی | ۱۰ | ۱۱۱ | ۱۲۰ |

این آزمون نمرهٔ منفی دارد.

استفاده از ماشین‌حساب مجاز نیست.

حق چاپ، تکثیر و انتشار سؤالات به هر روش (الکترونیکی و...) پس از برگزاری آزمون، برای تمامی اشخاص حقیقی و حقوقی تنها با مجوز این سازمان مجاز می‌باشد و با متخلفین برابر مقررات رفتار می‌شود.

۱۳۹۸

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد



* داوطلب گرامی، عدم درج مشخصات و امضا در مندرجات جدول ذیل، به‌منزلهٔ عدم حضور شما در جلسهٔ آزمون است.

اینجانب ...................................... با شمارهٔ داوطلبی ...................... با آگاهی کامل، یکسان‌بودن شمارهٔ صندلی خود را با شمارهٔ داوطلبی مندرج در بالای کارت ورود به جلسه، بالای پاسخنامه و دفترچهٔ سؤالات، نوع و کد کنترل درج شده بر روی دفترچهٔ سؤالات و پائین پاسخنامه‌ام را تأیید می‌نمایم.

امضا:

*دستور زبان تخصصی اردو:*

۱- فاعل اور فعل کی مطابقت کے سلسلے میں کونسا فقرہ صحیح ہے؟

۱) گھوڑا گاڑی بک گئے۔
۲) ماں اور بیٹے یہاں سے چل پڑیں۔
۳) علم اور عمل انسان کا درجہ بڑھا دیتے ہیں۔
۴) آج ہمسائے کے گھر میں ایک ماں اور بچہ مہمان بن کر آیا۔

۲- مندرجہ ذیل فقروں میں کونسا فقرہ گرائمر کے لحاظ صحیح نہیں؟

۱) اگر تو نے نانبائی سے روٹی لاتی ہوتی تو ہم بھوکے نہ رہتے۔
۲) اگر اکبر نے کھیت میں کام کیا ہوتا تو اب کروڑ پتی بن سکتا۔
۳) اگر میں نے بازار سے پھل خریدے ہوتے تو اب مہمانوں کو کھلا سکتا۔
۴) اگر لڑکیاں وقت پر گئی ہوتیں، تو استاد ناراض نہ ہوتے۔

۳- کونسا مصدر متعدی مصادر میں شامل ہے؟

۱) بھاگنا
۲) بھولنا
۳) لے جانا
۴) مار دینا

۴- حروف اضافت کے استعمال کے پیش نظر، کونسا فقرہ صحیح ہے؟

۱) وہ کتے کو نہیں مارنا چاہیے۔
۲) ان کتابیں کو میزیں پر سے اٹھا دیں۔
۳) ہمارے سامنا کی دکان میں وہ لڑکی کو دیکھو۔
۴) مرغیوں کے انڈوں کو ٹوکریوں میں سے نکال کر فریج میں رکھیے۔

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد



۵- ذیل کی عبارت میں ماضی استمراری اور مستقبل کے افعال کونسے ہیں؟

" اس نے سرکار کی نوکری کی لیکن گزارا مشکل سے مشکل تر ہوتا چلا گیا۔ ایک دن بوڑھے باپ نے کندھے پہ ہاتھ رکھ کے پوچھا بیٹا اتنے پریشان کیوں ہو؟ بیٹے نے سر اٹھا کے باپ کی طرف دیکھا اور حالات کو کوسنا شروع کر دیا۔ باپ نے تسلی دینے کی کوشش کی تو جناب ان پہ پھڑک گئے کہ آپ نے باپ ہونے کا فرض نہیں نبھایا، دولت جائیداد نام ہوتی تو آج یہ دن نہ دیکھنے پڑتے۔ باپ نے سر جھکا لیا اور کہا: میں مانتا ہوں، کہ تمھیں کچھ نہیں دے پایا، لیکن میرے پاس اب بھی ایک بیش قیمت چیز ہے جو تمھیں ان حالات سے نکال سکتی ہے۔ لیکن اس کا فائدہ تمھیں تب ملتا ہے جب سارے رستے بند ہو جائیں گے۔ تبھی تم اسے استعمال کر سکو گے۔"

۱) ماضی استمراری: ہوتا چلا گیا    مستقبل: بند ہو جائیں گے۔ کر سکو گے
۲) ماضی استمراری: چلا گیا    مستقبل: کوشش کی۔ پھڑک گئے
۳) ماضی استمراری: نہیں نبھایا    مستقبل: دے پایا۔ ملتا ہے
۴) ماضی استمراری: ہوتا چلا    مستقبل: بند ہو جائیں

۶- ذیل کے فقرے میں، اردو گرائمر کی رو سے "چوکنا" کا لفظ کس قسم میں شمار ہوتا ہے؟

" اس بیماری کے بڑھتے ہوئے خطرے کی وجہ سے پورا ملک چوکنا ہو گیا۔"

۱) اسم فاعل    ۲) اسم حالت    ۳) اسم مفعول    ۴) اسم مصدر

۷- فاعل اور اسم فاعل کی تعریف کے پیش نظر کونسی بات غلط ہے؟

۱) اسم فاعل مصدر سے بنتا ہے۔
۲) فاعل عام طور پر کسی کا نام ہوتا ہے۔
۳) فعل کی نسبت سے فاعل کو جو نام دیا جائے وہ اسم فاعل ہے۔
۴) ماضی مطلق کے آخر میں "ہوا" کا لفظ بڑھا دینے سے اسم فاعل بنتا ہے۔

۸- کونسا لفظ، اسم مکبر نہیں؟

۱) پگڑ    ۲) ہنڈیا    ۳) چھتر    ۴) گھڑیال

۹- ذیل کے شعر میں اسم آلہ کونسے ہیں؟

نہ خنجر اٹھے گا نہ تلوار ان سے    یہ بازو میرے آزمائے ہوئے ہیں

۱) بازو۔ میرا    ۲) خنجر۔ آزمائے    ۳) خنجر۔ تلوار    ۴) تلوار۔ میرا

۱۰- اردو میں مجہول جملے بنانے کے سلسلے میں کونسی بات غلط ہے؟

۱) مجہول فقروں میں فاعل اور مفعول دونوں کا ذکر ضروری ہوتا ہے۔
۲) مجہول فقرے اس لیے مجہول کہلاتے ہیں کہ ان میں فاعل کا ذکر نہیں کیا جاتا۔
۳) مجہول فقروں میں فعل کے مفرد اور جمع کی صورت مفعول کے تناسب سے ہوتی ہے۔
۴) مجہول فقروں میں فعل کی تذکیر و تانیث کی صورت مفعول کے تناسب سے ہوتی ہے۔

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد



۱۱- ذیل کے جملے کی ترکیب نحوی کی نشاندہی میں کونسی بات غلط ہے؟
"آرش نے کتابوں کی نمائش سے ایک نئی کتاب خریدی۔"
۱) سے: حرف جار
۲) کتاب: مفعول
۳) کتاب: صفت
۴) کتابوں کی نمائش: مجرور اور متعلق فعل

۱۲- ذیل کی عبارت کونسی بات کی وضاحت ہے؟
"یہ ایسا لفظ یا جملہ ہوتا ہے جو وضاحت یا طنز کے لئے لکھا یا بولا جاتا ہے۔اس کے ہونے یا نہ ہونے سے فرق نہیں پڑتا البتہ اس کے نہ ہونے سے بات میں ایک گونہ تشنگی کا احساس ہوتا ہے۔"
۱) جملہ اسمیہ
۲) جملہ معترضہ
۳) جملہ فعلیہ
۴) تابع فعل

۱۳- اردو گرائمر کے پیش نظر کونسا جملہ غلط ہے؟
۱) بہت سے لفظ ایسے ہیں کہ جن کے معنی کسی کو بھی نہیں آتے۔
۲) میں نے حسن کے دوست سے حسین کی کتاب واپس لی۔
۳) ایک عمر چاہئے کہ گوارا ہو نیش عشق۔
۴) شاکر روٹیاں کو کھانا بند کر دینا چاہئے۔

۱۴- صفات نسبتی کی نشاندہی کیجئے:
۱) امریکی - ہندی - پرتگالی
۲) بیرونی - کالے - اوپر والے
۳) انمول - انجان - نااہل
۴) ہنس مکھ - بدمزاج - خوش نصیب

۱۵- حروف اضافت اور عدد و معدود کے قواعد کے پیش نظر کونسا فقرہ غلط ہے؟
۱) شکیل کے بھائی کی تین گاڑیاں اور ایک گھوڑا ہے۔
۲) میرے پاس چار کتابیں اور چھ قلم ہیں۔
۳) ان لڑکیاں کی ٹوکریاں میں دس انڈا ہیں۔
۴) اس کے دادا کے باغ میں چار درخت موجود ہیں۔

۱۶- ضمیر موصولی کے استعمال کے قواعد کے پیش نظر کونسا جملہ صحیح ہے؟
۱) جس گاڑی کا رنگ کالا ہے، اس میں دس طالبات بیٹھی ہیں۔
۲) جو کلاس میں استاد نہیں، وہ کلاس سے باہر جائیں۔
۳) جو اس کو مجھ سے پوچھنا چاہتا ہے، وہ یہاں آئے۔
۴) جو اس نے کتاب خریدی ہے، وہ اس کا دوست ہے۔

۱۷- اردو گرائمر میں "اسم کیفیت" وہ اسم ہے جو:
۱) اسم سے بنتا ہے اور کسی ذات کا نام بھی ہے۔
۲) اسم سے بنتا ہے اور کسی حالت کا نام بھی ہے۔
۳) مصدر سے بنتا ہے اور کسی حالت کا نام بھی ہے۔
۴) مصدر سے بنتا ہے اور کسی ذات کا نام بھی ہے۔

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد



۱۸- ذیل کے مرکبات ترتیب وار، کس قسم کے مرکبات ہیں؟
"آمدوشد" - "قاسم کی کتاب" - "میز پر" - "چار انڈے"
۱) مرکب اضافی - مرکب عددی - مرکب اشاری - مرکب جاری
۲) مرکب جاری - مرکب اشاری - مرکب عطفی - مرکب عددی
۳) مرکب توصیفی - مرکب امتزاجی - مرکب عطفی - مرکب جاری
۴) مرکب عطفی - مرکب اضافی - مرکب جاری - مرکب عددی

۱۹- ذیل کے شعر میں ضمیر تنکیری کی نشاندہی کیجئے۔
پوچھتے ہیں کہ وہ کہ غالب کون ہے؟ کوئی بتلائے کہ ہم بتلائیں کیا؟
۱) کیا ۲) ہیں ۳) کوئی ۴) کون

۲۰- مصدر معین "سکنا" کے استعمال کے پیش نظر کونسا فقرہ صحیح نہیں؟
۱) کاش آج صبح ہم سب استاد کے پاس جا سکتے۔
۲) یہ لڑکے سب سکتے ہیں کہ اپنے دوستوں کی امتحان میں مدد کریں۔
۳) اس مہنگائی میں غریب لوگ گھر نہیں بنا سکتے ہیں۔
۴) وہ اردو زبان میں آسانی سے بات کر سکتا ہے۔

۲۱- ذیل کی عبارت میں "ہنستے ہنستے"، "بیٹھ گیا"، "دیکھ کر" کا ترتیب وار صحیح نحوی کردار کی نشاندہی کیجئے۔
"رضوان ہنستے ہنستے زمین پر بیٹھ گیا۔ پھر آصف کی طرف دیکھ کر ہاتھ کے اشارے سے اسے بھی بیٹھنے کا حکم دیا۔"
۱) اسم حالیہ - فعل ماضی سادہ - صفت مفعولی
۲) صفت مرکب - فعل ماضی قریب - اسم حالیہ
۳) اسم کیفیت - فعل ماضی قریب - صفت مرکب
۴) اسم حالیہ - فعل ماضی بعید - صفت فاعلی

۲۲- مصادر جعلی کی نشاندہی کیجئے۔
۱) آنا - جانا - ڈالنا ۲) دوڑنا - بھاگنا - پینا ۳) کھانا - نکالنا - سلانا ۴) قبولنا - فرمانا - بخشنا

۲۳- "چاہئے" کے استعمال کے پیش نظر، کونسا جملہ صحیح نہیں؟
۱) اس کی بیٹی کو آج ہسپتال جانا چاہئے۔
۲) اس کا بیٹا آج سکول میں چاہئے۔
۳) انھیں امتحان میں حصہ لینا چاہئے۔
۴) مجھے اس مشکل کے بارے میں غور کرنا چاہئے۔

۲۴- کونسے مجہول فقرے کی معروف صورت صحیح ہے؟
۱) گھر بنایا جائے گا: دو گھر بنائے جائیں گے۔
۲) چاول خریدے جاتے ہیں: ایک کلو چاول خریدا گیا۔
۳) گاڑی چلائی جاتی ہے: وہ اپنی گاڑی چلاتا ہے۔
۴) تنخواہ میں اضافہ کیا گیا: میری تنخواہ میں اضافہ کیا جائے گا۔

۲۵- ذیل کے شعر میں کس قسم کا حرف استفہام موجود ہے؟
گر کیا ناصح نے ہم کو قید، اچھا یوں سہی یہ جنونِ عشق کے انداز، چھٹ جائیں گے کیا؟
۱) استفسار ۲) استعجاب ۳) استفہام اقراری ۴) استفہام انکاری

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد



متون تخصصی:

۲۶- اردو روزمروں کے سلسلے میں کونسا جملہ صحیح ہے؟

۱) میں بلاناغہ اس کے پاس جاتا ہوں۔
۲) وہ بے ناغہ ورزش کرتی رہتی ہے۔
۳) اب تو بالناغہ ڈاکٹر کے پاس بھی جاتا ہے۔
۴) وہ باناغہ کام کرتا رہے گا۔

| ذیل کا متن پڑھ کر سوال نمبر ۲۷ سے لے کر سوال نمبر ۲۸ تک کے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجیے: |
|---|

"گلی پر سے ایک گاڑی تیزی سے گزر گئی۔ آرش کا ڈر کے مارے پاؤں پھسلا۔ پاؤں اور بائیں ہاتھ میں شدت سے درد ہو رہا تھا۔ حامد نے اسے اٹھنے میں مدد دی لیکن وہ دھڑام سے نیچے گر پڑا۔ اب اس کے لیے اٹھنا اور چلنا مشکل ہو رہا تھا۔ اس کی ٹانگ پر سخت چوٹ آئی تھی۔ اتنے میں ہمسایہ اور اس کی بیگم جو بازار سے واپس آ رہے تھے، قریب پہنچے۔ ہمسایہ نے آرش کو نڈھال دیکھ کر وجہ پوچھی۔ پھر اس نے لکڑی کی لاٹھی بنا کر حامد سے کہا یہ لاٹھی آرش کو جانے میں مدد دے گی۔ پڑوسن نے گلاس لے کر ٹھنڈا پانی پلایا۔ کچھ دیر بعد آرش کو چین آیا اور لاٹھی لے کر حامد کی مدد سے سکول کی طرف چل پڑا۔"

۲۷- مذکورہ بالا متن کے پیش نظر آرش کو کس وجہ سے اٹھنا مشکل تھا؟

۱) آرش گاڑی کے ڈر سے پھسل پڑا تھا اور جسم کے کچھ حصے میں درد ہو رہا تھا اس لئے اسے اٹھنا مشکل تھا۔
۲) اس کا دایاں ہاتھ گاڑی کی زد میں آیا تھا اس لئے اٹھنا مشکل تھا۔
۳) آرش کو پیاس کی شدت سے اس لئے اٹھنا مشکل تھا۔
۴) آرش حامد کا انتظار کرتے کرتے نڈھال ہو گیا تھا۔ اس لئے اٹھنا مشکل تھا۔

۲۸- مذکورہ بالا متن کے پیش نظر ہمسایہ اور اس کی بیگم نے آرش کی کس طرح مدد کی؟

۱) ہمسایہ نے ٹھنڈا پانی پلایا اور اس کی بیگم نے لاٹھی بنا کر دی۔
۲) ہمسایہ اور اس کی بیگم نے آرش کو گاڑی میں بٹھا کر ہسپتال پہنچایا۔
۳) ہمسایے نے ایک لاٹھی بنا کر دی اور اس کی بیگم نے پانی پلایا۔
۴) ہمسائی اور اس کے شوہر نے آرش کو گاڑی میں بٹھا کر بازار پہنچایا۔

۲۹- کونسا جملہ صحیح ہے؟

۱) وہ اور میں راستہ بھول گئی تھی۔
۲) وہ اور میں راستہ بھول گئے تھے۔
۳) وہ اور میں راستہ بھول گیا تھا۔
۴) وہ اور میں راستہ بھول چکا تھا۔

۳۰- کونسے لفظ کی مؤنث شکل غلط ہے؟

۱) چچا: چچی
۲) دھوبی: دھوبن
۳) چیونٹا: چیونٹن
۴) چھوکرا: چھوکری

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد



۳۱- کونسے محاورے کا مفہوم غلط ہے؟

۱) اپنامنہ میاں مٹھو بنانا: اپنی تعریف آپ کرنا
۲) آستین چڑھانا: پوری طرح تیار ہونا
۳) اپناسامنہ لے کر رہ جانا: شرمندہ ہونا
۴) سبز باغ دکھانا: خوشخبری سنانا

**ذیل کا متن پڑھ کر سوال نمبر ۳۲ سے لے کر سوال نمبر ۳۳ تک کے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجیے:**

انھوں نے کسان کے سالوں کو للکارا: "آج دیکھتے ہیں، تم ہمارے بھائی کو کس طرح مارتے ہو!" اور اس کے بعد وہ سب ایک دوسرے پر پل پڑے۔ وہ سر پھٹوّل ہوئی، وہ لاٹھیاں چلیں کہ سب خون میں نہاگئے۔ آخر ارد گرد کے کھیتوں میں کام کرنے والے دوسرے لوگ بھاگ کر آئے اور انھوں نے بیچ بچاؤ کرکے انھیں ایک دوسرے سے الگ کیا۔ پھر جب ان کا غصہ قدرے کم ہوا تو ان سے لوگوں نے پوچھا: تم لوگ اس طرح کیوں لڑتے ہو؟

۳۲- ذیل کے محاورات کے ترتیب وار صحیح مفہوم کونسے ہیں؟
"پل پڑنا" - "خون میں نہانا"

۱) ایک دم مارنے لگنا - لہولہان ہونا
۲) ایک دم مرنا - خون کرنا
۳) حملہ کرنا - زخمی کرنا
۴) پل بنانا - نہانا

۳۳- ارد گرد کے کھیتوں میں کام کرنے والوں نے کیا کیا؟

۱) وہ آکر لاٹھیاں چلانے لگے۔
۲) وہ دوڑ کر آئے اور اس کے بھائیوں کو مارنے لگے۔
۳) دونوں فریقوں میں لڑائی کی آگ تیز کرنے لگے۔
۴) وہ اپنے کھیتوں سے جلدی میں بھاگ کر آئے اور لڑائی دور کرنے لگے۔

۳۴- ذیل کے الفاظ کے متضاد ترتیب وار کونسے ہیں؟
"پراناپن" - "ادھار" - "ادھورا"

۱) پرایا - قرض - ناقص
۲) نیاپن - نقد - مکمل
۳) کنگی - نادر - کامل
۴) جدت - قرض - کامل

**ذیل کا متن پڑھ کر سوال نمبر ۳۵ سے لے کر سوال نمبر ۳۶ تک کے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجیے:**

"صاحب عالم کی نظر کنیز پر پڑ گئی۔ یہ سمجھ کر کہ وہ یہ گفتگو بارگاہ عالی تک پہنچادے گی۔ انھوں نے کنیز کو دھمکی دی کہ انارکلی کا نام زبان سے نکالنے پر تجھ کو پچھتانا ہوگا۔ مہابلی کے سامنے جھوٹی شہادت پیش کی جائے گی کہ تو خود ہم کو چاہتی ہے اور جب ہم نے تجھ کو مایوس کردیا تو تُو نے اپنی ناکامی کا انتقام لینے کو یہ ڈھنگ نکالا۔ کنیز سہم گئی اور زبان بند ہوگئی۔ اسے جہاں پناہ کے حضور میں ایک لفظ زباں سے نکالنے کی جرات نہ ہوئی۔"

۳۵- صاحب عالم نے کیا سوچا تھا؟

۱) یہ کہ کنیز صاحب عالم کو دھمکی دے گی۔
۲) یہ کہ کنیز پادشاہ کے سامنے سب کچھ کہہ ڈالے گی۔
۳) یہ کہ صاحب عالم اسے مایوس کرکے انارکلی کو چاہتا ہے۔
۴) یہ کہ کنیز نے جو گفتگو سنی ہے اسے جاکر پادشاہ کو سنادے گی۔

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد



۳۶- صاحب عالم نے کنیز کو چھپ کرانے کے لئے کیا طریقہ سوچا؟

۱) یہ کہ مہابلی کے سامنے جھوٹی شہادت پیش کرے گی کہ وہ خود صاحب عالم چاہتی تھی۔

۲) یہ کہ کنیز کو مہابلی کے سامنے چھپ رہنا ہوگا۔

۳) یہ کہ کنیز کو بادشاہ سے انتقام لینا ہی پڑے گا۔

۴) کنیز صاحب عالم کے سامنے سہم جائے گی۔

۳۷- ذیل کے فقرے کا ملخص کیا ہے؟

" ڈاڑھی چھوڑ رکھی تھی۔ بشرے سے ہوشمندی ٹپکتی تھی۔ ہر لحظہ سوچ بچار میں منہمک رہتا تھا۔ وہ سختی سے بے حد منفور تھے۔ لطف و مرحمت، رحم و ہمدردی اور جود و سخا ان کی جبلّت میں داخل تھے۔"

۱) ان کی منڈائی ڈاڑھی تھی، سمجھدار تھے۔ مختی نہیں تھے اور غصیلے رہتے۔

۲) ان کی چھدری ڈاڑھی تھی۔ مہربان تھے نہ مختی۔ حساب کتاب میں سخت ہے۔

۳) ان کی ڈاڑھی بڑھی ہوئی تھی۔ عقلمند و مہرباں تھے اور رحم دلی کے باعث تشدد کے خلاف تھے۔

۴) ان کی لمبی ڈاڑھی تھی۔ دیکھنے میں عقلمند لیکن اندر سے سخت اور ہمدردی و رحم سے منفور تھے۔

| ذیل کا متن پڑھ کر سوال نمبر ۳۸ سے لے کر سوال نمبر ۳۹ تک کے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجیے: |
|---|

" مرزا: تو مرد خدا آتے ہی کیوں نہیں کہا؟ اب اتنی رات گئے کیا ہو سکتا ہے؟ دکانیں سب بند ہو گئیں اور جو دو ایک کھلی بھی ہیں تو باسی چیزیں رہ گئی ہوں گی، جن کے کھانے سے فاقہ بہتر ہے۔ گھر میں آج آگ تک نہیں جلی، مگر ظاہراً تم سے بھوک کی سہار ہونی مشکل معلوم ہوتی ہے۔ دیوا شتہا کو زیر کرنا بڑی ہمت والوں کا کام ہے۔ ایک تدبیر سمجھ میں آتی ہے کہ جاؤں چھدامی بھر بھونجے کے یہاں سے نرم نرم خستہ چنے کی دال بنوالاؤں۔ بس ایک دھیلے کی مجھ کو اور تم کو، دونوں کو کافی ہوگی۔ ابھی کلیم کچھ کہنے بھی نہ پایا تھا کہ مرزا جلدی سے اٹھ باہر گئے اور چشم زدن میں چنے بھنوالائے۔ مگر دھیلے کے کہہ گئے تھے، یا تو کم لائے یا راہ میں دو چار پھنکے لگائے۔ اس واسطے کہ کلیم کے روبرو تین مٹھی چنے سے زیادہ نہ تھے۔"

۳۸- اس متن کے پیش نظر کونسی بات اس سے مطابق نہیں رکھتی ہے؟

۱) کلیم کو بہت بھوک لگی تھی۔

۲) مرزا نے کلیم کو پیٹ بھر کر کھانا کھلایا۔

۳) مرزا کنجوس تھے، اس لئے اسے کلیم کا خیال نہیں رہا۔

۴) مرزا جا کر چھدامی بھر بھونجے کی دکان سے چنے بھنوالائے۔

۳۹- اس متن کے پیش نظر " سہار"، " زیر کرنا" ، " پھنکا لگانا" کے ترتیب وار صحیح مفاہیم کونسے ہیں؟

۱) تحمل - مغلوب ہونا - اگلنا

۲) خوبصورت - یاد کرنا - پھونکنا

۳) پر لطف - مغلوب ہونا - ایک ہی دفعہ میں اگلنا

۴) برداشت - مغلوب کرنا - ایک ہی دفعہ میں پھانک جانا

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد



۴۰- ذیل کے فقروں میں ترتیب وار "بے چراغ پڑنا" اور "سیاست پانا" کے محاوروں کے صحیح مفاہیم کونسے ہیں؟
"گھر کے گھر بے چراغ پڑے ہیں۔"
"مجرم روز عدالتوں میں سیاست پاتے ہیں۔"

۱) اجڑ جانا- سزا پانا
۲) اجاڑنا- انعام دینا
۳) اندھیرا ہونا- انعام پانا
۴) چراغوں کا خراب رہنا- سیاست میں حصہ لینا۔

ذیل کا متن پڑھ کر سوال نمبر۴۱ سے لے کر سوال نمبر ۴۲ تک کے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجیے:

"شام کے وقت آنے والی صبح کے مطالعے کے لئے دو کتابیں چھانٹ کر میز پر علیحدہ جوڑدیں۔ کرسی کو چارپائی کے قریب کھسکالیا۔ اوور کوٹ اور گلوبند کرسی کے پشت پر آویزاں کردیا۔ کنٹوپ اور دستانے پاس ہی رکھ لئے۔ دیاسلائی کو تکیے کے نیچے ٹٹولا۔ تین دفعہ آیہ الکرسی پڑھی اور دل میں نہایت ہی نیک منصوبے باندھ کر سوگیا۔ صبح لالہ جی کی پہلی دستک کے ساتھ ہی جھٹ آنکھ کھل گئی۔"

۴۱- مذکورہ بالا متن کے پیش نظر یہ بتائیں کہ ترتیب وار "کنٹوپ" اور "دستانے" کے صحیح معانی کیا ہیں؟

۱) ٹوپی- انگوٹھی
۲) ٹوپی- ہاتھ میں پہننے کا غلاف
۳) برساتی- جراب
۴) برساتی- انگوٹھی

۴۲- کونسا فقرہ مذکورہ بالا متن سے تعلق نہیں رکھتا ہے؟

۱) کنٹوپ اور دستانے پاس رکھے گئے۔
۲) کرسی چارپائی کے قریب سرکائی گئی۔
۳) میز پر چار کتابیں اور دو دستانے رکھے گئے۔
۴) لالہ جی کی پہلی دستک سے آنکھ کھل گئی۔

۴۳- ذیل کی عبارت میں "چڑھاوے" اور "آنکھیں ٹھنڈی ہو جانا" کے ترتیب وار مفاہیم کیا ہیں؟
"ٹھاکر صاحب آج بہو کے چڑھاوے کے لئے پانچ ہزار کے زیور خریدے۔ ایسی ایسی چیزیں کہ دیکھ کر آنکھیں ٹھنڈی ہو جائیں۔"

۱) خلعت- جی خوش ہونا
۲) خلعت- ناراض ہونا
۳) مزدوری- جی خوش ہونا
۴) مزدوری- دل بھر آنا

۴۴- ذیل کے الفاظ کے ترتیب وار، مترادف الفاظ کونسے ہیں؟
"آغاز"- "اندھیرا"- "پُرانا"- "جھنڈا"

۱) ابتداء- سحر- جدید- نیزہ
۲) شروع- روشنی- نئی- ازدحام
۳) ابتداء- تاریکی- قدیم- عَلَم
۴) شروع- خلوت- پاک- الم

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد



۴۵- ذیل کے فقروں میں "آگ بگولا ہونا" اور "اینٹ سے اینٹ بجادینا" کے محاورات کے صحیح مفاہیم کی نشاندہی کیجئے:

"عمران نے شکیل کو اتنا بُرا بھلا کہا کہ بالآخر شکیل غصے سے آگ بگولا ہو گیا۔"

"نادر شاہ نے دہلی پر حملہ کرکے شہر کی اینٹ سے اینٹ بجادی تھی۔"

۱) غرور کرنا۔ شوخیاں کرنا
۲) سخت غصے میں آنا ۔ تباہ کرنا
۳) ناراض کرنا۔ نئے سرے سے بنانا
۴) غصے میں شور مچانا۔ شور مچانا

ادبیات منظوم:

۴۶- کونسے شعر میں تلمیح کی صنعت موجود نہیں؟

۱) ابن مریم ہوا کرے کوئی — میرے دکھ کی دوا کرے کوئی
۲) اے جوانان عجم جان من و جان شما — چون چراغ لالہ سوزم در خیابان شما
۳) اچھا ہے دل کے پاس رہے پاسبان عقل — لیکن کبھی کبھی اسے تنہا بھی چھوڑ دے
۴) تجھے اس قوم نے پالا ہے اپنی آغوش محبت میں — جس نے کچل ڈالا تھا پاؤں میں تاج سر دارا

۴۷- کونسی بات ارکان استعارہ میں شامل نہیں؟

۱) وجہ جامع
۲) مشبّہ بہ
۳) مستعارٌ منہ
۴) مستعارٌ لہ

۴۸- ذیل کے شعر میں تین مشبّہ بہ موجود ہیں۔ مشبّہ کی نشاندہی کیجئے:

کیا جگہ کوچہ محبوب ہے سبحان اللہ — کوئی جنت، کوئی کعبہ، کوئی گلشن سمجھا

۱) کوچہ
۲) جنت
۳) کعبہ
۴) گلشن

۴۹- کونسی بات ذیل کے شعر کے مفاہیم میں شامل نہیں؟

سودا تو اس زمین میں غزل در غزل ہی لکھ — ہونا ہے تجھ کو میر سے استاد کی طرف

۱) اے سودا تجھے میر جیسے استاد کی طرف ہونا ہے۔
۲) اے سودا اس ردیف و قافیے میں کئی غزلیں لکھ۔
۳) اے سودا تجھے میر تقی کو چھوڑ کر اپنے استاد کی طرف چلنا ہے۔
۴) یہ زمین مشکل زمین ہے، اس میں غزل در غزل لکھ تاکہ تم بھی میر جیسے استادوں میں شمار ہو سکے۔

۵۰- کونسے شعر میں اداسی اور تنہائی کا احساس ملتا ہے؟

۱) ناز بیگانگی میں کیا کچھ تھا — حسن کی سادگی میں کیا کچھ تھا
۲) فرصت میں شگفتگی غنچہ کی صدا — یہ وہ سخن نہیں کہ کسی نے کہا بھی ہو
۳) صدائے رفتگاں پھر دل سے گزری — نگاہ شوق کس منزل سے گزری
۴) مدت سے کوئی آیا نہ گیا سنسان پڑی ہے گھر کی فضا — ان خالی خالی کمروں میں ناصر اب شمع جلاؤں کس کے لئے؟

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد



۵۱- کونسی بات سے ہجو اور قصیدے کا فرق واضح نہیں ہوتا ہے؟
۱) ہجو غزل کی ایک کڑی ہے جس میں محبوب کی خاص خصوصیات مد نظر رہتی ہیں۔
۲) ہجو میں مخاطب کے بُرے اور مذموم پہلو مد نظر رہتے ہیں۔
۳) قصیدے میں مخاطب کے اچھے پہلو مد نظر رہتے ہیں۔
۴) قصیدے کے سلسلے کی ایک کڑی ہجو ہی ہے۔

۵۲- ذیل کے شعر میں کونسی صنعت شعری موجود ہے؟
کس کا کعبہ کیسا قبلہ کون حرم ہے کیا احرام
کوچے کے اس کے باشندوں نے سب کو یہیں سے سلام کیا
۱) تضاد ۲) توشیح ۳) مراعات النظیر ۴) لف و نشر

۵۳- ذیل کے شعر میں مشبہ اور مشبہ بہ کی نشاندہی کیجیے:
شام سے کچھ بجھا سا رہتا ہے
دل ہوا ہے چراغ مفلس کا
۱) مشبہ: شام مشبہ بہ: دل ۲) مشبہ: دل مشبہ بہ: چراغ
۳) مشبہ: شام مشبہ بہ: چراغ ۴) مشبہ: چراغ مشبہ بہ: دل

۵۴- ذیل کے شعر کا صحیح مفہوم کونسا ہے؟
بات ادھوری اور اثر دونا
کیسی لکنت زبان میں آئی؟
۱) مجھے محبوب سے بات کرنے کا طریقہ نہیں آتا، اس لئے میری بات کا اس پر اثر نہ ہو سکا۔
۲) میں محبوب سے مکمل طور پر اظہار عشق کر سکا۔ لیکن ایسے میں اس پر میری بات اس کا اثر نہ ہوا۔
۳) میری زبان الکن ہے، اس لئے، ٹوٹی پھوٹی بات کرتا ہوں۔ اس لئے میری بات کا اثر نہیں ہو سکتا۔
۴) میں محبوب سے مکمل طور پر اظہار عشق نہ کر سکا۔ لیکن ایسے میں بھی اس پر میری بات اس کا اثر دوگنا ہوا۔

۵۵- کونسے شعر میں آبروئے عشق کی پاسداری کا مضمون پایا جاتا ہے؟
۱) ہو کے نادم وہ بیٹھے ہیں خاموش
صلح میں بھی شان ہے لڑائی کی
۲) محتاج بوئے عطر نہ تھا جسم خوب یار
خوشبوئے دلبری تھی جو اس پیرہن میں تھی
۳) دیکھنا بھی تو انہیں دور سے دیکھا کرنا
شیوۂ عشق نہیں حُسن کو رسوا کرنا
۴) گزاری عمر شغل عاشقی میں مرحبا حسرت!
نہ پاس آنے دیا غم ہائے بے پایان دنیا کو

۵۶- اردو کے بیسویں صدی کے شعرا میں وہ کونسا شاعر ہے جس کی شاعری میں محبت، رومان اور انقلاب کے خیالات ایک دوسرے سے پیوست ہوگئے ہیں؟
۱) فیض احمد فیض ۲) اختر شیرانی ۳) ناصر کاظمی ۴) حسرت موہانی

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد



۵۷- ذیل کی نظم میں کونسی بات مذکور نہیں ہے؟

نیند آغاز زمستاں کے پرندے کی طرح
خوف، دل میں کسی موہوم شکاری کا لئے
اپنی پر تولتی ہے، چیختی ہے

۱) نیند کو ایک پرندے سے تشبیہ دی گئی ہے۔
۲) سردیوں کے موسم میں شام کے وقت کا اندھیرا اور غنودگی کی کیفیت کا ذکر ہے۔
۳) پرندے کسی بھی شکاری کے خوف سے اپنے پر تول کر اڑنے کو تیار ہوتے ہیں۔
۴) سردیوں کے موسم میں برف باری کا منظر، پرندوں کے اڑنے کا منظر جیسا ہوتا ہے۔

۵۸- رییس المتغزلین اور حیرتوں کا شاعر ترتیب وار کونسے شعراء کے القابات ہیں؟

۱) ناصر کاظمی - اختر شیرانی
۲) حسرت موہانی - مجید امجد
۳) پروین شاکر - انور مسعود
۴) ن.م راشد - غالب دہلوی

۵۹- کونسے شعر میں " چال" کے لفظ کا مفہوم دوسرے اشعار سے الگ ہے؟

۱) میر تلوار چلتی ہے تو چلے
خوش خراموں کی چال ہے کچھ اور
۲) خوش نہ آئی تمہاری چال ہمیں
یوں نہ کرنا تھا پائمال ہمیں
۳) تجھ چال کی قیمت سوں دل نئیں ہے مرا واقف
اے مان بھری چنچل ٹک بھاؤ بتاتی جا
۴) جس کا بدن ہے خوشبو جیسا جس کی چال صبا سی ہے
اس کو دھیان میں لاؤں کیسے، وہ سپنوں کی باسی ہے

۶۰- ذیل کے شعر میں کونسی بات شاعر کا مطمح نظر رہی ہے؟

گلشن میں آگ لگ رہی تھی رنگ گل سے میر
بلبل پکاری دیکھ کے صاحب پرے پرے

۱) پھولوں کی سرخی
۲) بلبل کی آواز
۳) گلستان میں آگ لگنا
۴) مالکِ چمن کی پکار

۶۱- ذیل کے شعر کا مضمون کونسے شعر کے مضمون سے قریب ہے؟

دشنام یار طبع حزیں پر گراں نہیں
اے ہم نفس نزاکت آواز دیکھنا

۱) کیوں جل گیا نہ تاب رخ یار دیکھ کر
جلتا ہوں اپنی طاقت دیدار دیکھ کر
۲) یہ عشق نہیں آساں بس اتنا سمجھ لیجے
اک آگ کا دریا ہے اور ڈوب کے جانا ہے
۳) کتنے شیریں ہیں ترے لب، کہ رقیب
گالیاں کھا کے بے مزہ نہ ہوا
۴) کیا بدگماں ہے مجھ سے کہ آئینے میں مرے
طوطی کا عکس سمجھے ہے زنگار دیکھ کر

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد



۶۲- ذیل کے فارسی شعر کا مضمون کونسے شعر کے مضمون سے قریب ہے؟

وعدهٔ وصل بہ فردا دہی و می دانی — ہر کہ امروز تورا دید بہ فردا نرسید

۱) چاہو وفا کرو نہ کرو اختیار ہے — خطرے جو اپنے جی میں تھے وہ سب اٹھا دیئے

۲) وصال یار کا وعدہ ہے فردائے قیامت پر — یقین مجھ کو نہیں ہے گورتک اپنی رسائی کا

۳) نے گل کو ہے ثبات نہ ہم کو اعتبار — کس بات پر چمن ہوس رنگ و بوُ کریں

۴) میں نہیں کہتا کہیں تم اور مت جایا کرو — بندہ پرور! اس طرف کو بھی کبھی آیا کرو!

۶۳- ذیل کے شعر میں ارکان تشبیہ کی نشاندہی کیجئے:

سرتا قدم زباں ہیں جوں شمع گو کہ ہم — پر یہ کہاں مجال جو کچھ گفتگو کریں

۱) مشبہ: شمع — مشبہٌ بہ: زباں — ادات تشبیہ: گو

۲) مشبہ: قدم — مشبہٌ بہ: سر — ادات تشبیہ: جوں

۳) مشبہ: سر — مشبہٌ بہ: شمع — ادات تشبیہ: گو

۴) مشبہ: زبان — مشبہٌ بہ: شمع — ادات تشبیہ: جوں

۶۴- ذیل کے شعر میں کونسی صنعت پائی جاتی ہے؟

ابتدا ہی میں مر گئے سب یار — عشق کی انتہا کون لایا

۱) تضاد ۲) استعارہ ۳) تشبیہ ۴) تجنیس

۶۵- کسی لفظ کو حقیقی کے بجائے مجازی (غیر حقیقی) معنوں میں جو دونوں معنوں میں تشبیہ کے علاوہ کوئی اور تعلق ہو وہ کیا کہلاتا ہے؟

۱) توشیح ۲) تجنیس ۳) مجاز مرسل ۴) ردّالعجز

۶۶- ذیل کے شعر میں دوسرے مصرعے کا صحیح مفہوم کونسا ہے؟

طالب کو اپنے رکھتی ہے دنیا ذلیل و خوار — زر کی طمع سے چھانتے ہیں خاک نیاریئے

۱) طمع کار لوگ سونا لے کر چاندی دیتے ہیں۔

۲) جو زر اور سونے کو چھانتے ہیں وہ کیا خاک چھانتے ہیں؟

۳) سونار سونے اور چاندے پر تحقیق کرکے کھرے اور کھوٹے سونے کو پرکھتے ہیں۔

۴) سوناروں کی دکانوں کے کوراکرکٹ سے سونے چاندی کے ذرّے ڈھونڈنے والے، سونے کی طمع سے یہ ذلت اٹھاتے ہیں۔

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد



۶۷- ذیل کے شعر کے مفاہیم کے پیش نظر کونسا مفہوم مناسب نہیں؟

آئے تو کہاں جائے نہ تا جی سے کوئی جائے — جب تک اسے غصہ نہیں آتا نہیں آتا

۱) محبوب ہمیشہ غصے کی حالت میں عاشق سے ملتا ہے۔
۲) محبوب غصے کی حالت میں، عاشق کے سر سے تاج اٹھا کر جاتا ہے۔
۳) محبوب جب بھی آتا ہے، عاشق کو موت کی سرحد تک پہنچا کر جاتا ہے۔
۴) جب تک عاشق زندہ رہتا ہے، محبوب بھی غصے کی حالت میں رہتا ہے۔

۶۸- کونسے شعر میں شاعر نے محبوب کے سامنے اپنی بے بسی کا برملا اظہار کیا ہے؟

۱) زیر شمشیر ستم میر تڑپنا کیسا — سر بھی تسلیم محبت میں ہلایا نہ گیا
۲) سفر ہے شرط مسافر نواز بہتیرے — ہزارہا شجر سایہ دار راہ میں ہے
۳) ہم خاک میں ملے تو ملے لیکن اے سپہر — اس شوخ کو بھی راہ پہ لانا ضرور تھا
۴) تنہائی ہے، غریبی ہے، صحرا ہے، خار ہے — کون آشنائے حال ہے کس کو پکاریے

۶۹- کونسے شعر میں صنعت اغراق پائی جاتی ہے؟

۱) ٹھنڈی ہوا میں سبزہ صحرا کی وہ لہک — شرمائے جس سے اطلس زنگاری فلک
۲) مجھ کو لڑنا نہیں منظور یہ کیا کرتے ہو — تیر جوڑے ہیں جو مجھ پر یہ خطا کرتے ہو
۳) نہ کہہ کہ گریہ بمقدار حسرت دل ہے — میری نگاہ میں ہے جمع وخرچ دریا کا
۴) غیروں پہ کھل نہ جائے کہیں راز دیکھنا — میری طرف بھی غمزہ غماز دیکھنا

۷۰- کونسے شعر میں صنعت تشبیہ موجود ہے؟

۱) کیا تم سے کہیں، جہاں کو کیسا پایا — غفلت ہی میں آدمی کو پایا
۲) اکبر نے سنا ہے اہل غیرت سے یہی — جینا ذلت سے ہو تو مرنا اچھا
۳) اور بھی دور فلک ہیں ابھی آنے والے — ناز اتنا نہ کریں ہم کو مٹانے والے
۴) مکھڑے سے اپنے، زلف کے پردے کو تو اٹھا — ابر سیاہ میں ماہ درخشاں کو مت چھپا!

۷۱- کونسے شعر میں "مراعات النظیر" اور "تلمیح" کی دونوں صنعتیں موجود ہیں؟

۱) تاریخ امم کا یہ پیغام ازلی ہے — صاحب نظراں! نشہ قوت ہے خطرناک
۲) جن کے ہنگاموں سے تھے آباد ویرانے کبھی — شہر ان کے مٹ گئے، آبادیاں بن ہو گئیں
۳) قیس ہوں پیدا تری محفل میں یہ ممکن نہیں — تنگ ہے صحرا ترا، محمل ہے بے لیلا ترا
۴) یوں تو روشن ہے، مگر سوز دروں رکھتا نہیں — شعلہ ہے مثل چراغ لالہ صحرا ترا

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد



۷۲- اکبر الہ آبادی کی شعری خصوصیات کے بارے میں کونسی بات صحیح ہے؟

۱) اکبر نے اپنی شاعری کے ذریعے مغربی استعمار اور تہذیب و اقدار کی مخالفت کی۔
۲) اکبر الہ آبادی مغربی تہذیب کو عام بنانے میں اپنی شاعری سے فایدہ اٹھایا۔
۳) اکبر کلاسیکی دور کے قصیدہ گو شاعر کے طور پر تاریخ ادب اردو میں مشہور ہیں۔
۴) اکبر نے صرف غزلیں لکھیں اور دیگر ہیئتوں کو نظر انداز کیا۔

۷۳- ذیل کے شعر کے صحیح مفاہیم کے پیش نظر کونسی بات صحیح لگتی ہے؟

جوش جنوں میں درد کی طغیانیوں کے ساتھ — اشکوں میں ڈھل گئی تری صورت کبھی کبھی

۱) جنون کی وجہ سے عاشق محبوب کے سامنے جوش میں آیا۔
۲) دریا میں طغیانی کی وجہ سے عاشق محبوب تک نہیں پہنچ سکا۔
۳) عشق کے درد اور ہجر کے سوز کی وجہ سے عاشق بہت روتا ہے۔
۴) عاشق نے محبوب کی تصویر بناڈالی تھی۔ لیکن وہ بھی دریا کی طغیانی میں بہہ گئی۔

۷۴- ذیل کے شعر میں کونسی صنعت پائی جاتی ہے؟

سُنی کسی نے نہیں غم کی داستاں میری — وہ کم سخن ہوں کہ گویا زباں نہیں میری

۱) ابہام ۲) ایہام ۳) تعلّی ۴) تعلیل

۷۵- ذیل کے شعر کے بارے میں کونسی بات صحیح ہے؟

کل رات ہجر یار میں، میں رویا اس قدر — چوتھے فلک پہ پہنچا تھا پانی کمر کمر

۱) اس شعر میں شاعر نے محبوب کی ملاقات کا تذکرہ کیا ہے۔
۲) اس شعر میں شاعر اپنے سپنے کا ذکر کر رہا ہے۔
۳) اس شعر میں صنعت تشبیہ موجود ہے۔
۴) اس شعر میں صنعت مبالغہ موجود ہے۔

## ادبیات منثور:

۷۶- مذکورہ ذیل نثری اصناف میں سے کونسی صنف آپ بیتی کی ایک قسم مانی جاتی ہے؟

۱) داستان ۲) ناول ۳) ڈرامہ ۴) روزنامچہ

۷۷- کونسی صنف غیر افسانوی نثر میں شمار ہوتی ہے؟

۱) انشائیہ ۲) افسانہ ۳) داستان ۴) ڈراما

۷۸- "نوطرز مرصع" کس قسم کی نثری تصنیف ہے اور کس زبان میں لکھی گئی ہے؟

۱) فارسی، عربی زبان کی داستان ہے۔
۲) اردو زبان میں لکھی گئی ایک داستان ہے۔
۳) فارسی زبان میں لکھا گیا ایک افسانہ ہے۔
۴) پنجابی زبان میں لکھا گیا ایک قصہ ہے۔

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد



۷۹- مندرجہ ذیل عبارت کس مصنف کی ادبی خدمات پر صادق آتی ہے؟

"سب رس کو تصنیف کرکے انہوں نے نہ صرف اردو نثر کی ایک نئی ادبی روایت قائم کی، بلکہ نثر کو ایک تمثیلی انداز بیان سے روشناس کرایا۔"

۱) ملاوجہی ۲) پریم چند ۳) فتاحی نیشاپوری ۴) میر شیر علی افسوس

۸۰- کونسے ڈراما نگار، اردو کے اولین ڈراما نگاروں میں شمار ہوتے ہیں؟

۱) آغا حشر- پریم چند ۲) انتظار حسین- سجاد حیدر یلدرم

۳) واجد علی شاہ- امانت لکھنوی ۴) میر امن دہلوی- واجد علی شاہ

۸۱- ذیل کی ادبی شخصیات میں سے کونسی شخصیت خاکہ نگار نہیں تھی؟

۱) رشید احمد صدیقی ۲) محمد حسین آزاد ۳) مرزا فرحت اللہ بیگ ۴) شبلی نعمانی

۸۲- جس نثری تحریر میں کسی شخصیت کے ظاہری اور باطنی اوصاف بیان کیے جاتے ہیں اور اس کی خوبیوں اور خامیوں کی تصویر کشی سے قاری کے سامنے اس کی ایک قلمی تصویر ابھر آتی ہو، کیا کہلاتی ہے؟

۱) سفرنامہ ۲) ناول نگاری ۳) خاکہ نگاری ۴) مضمون نگاری

۸۳- کونسی بات ناول ابن الوقت سے مربوط نہیں؟

۱) یہ ناول انیسویں صدی کی تمدنی ہلچل کا آئنہ دار ہے۔

۲) اس ناول میں الطاف حسین حالی نے گھریلو زندگی کی عکاسی کی ہے۔

۳) نئی اور پرانی اقدار کا ٹکراؤ اس ناول کے موضوعات میں شامل ہے۔

۴) اس ناول میں انگریزوں اور مقامی باشندوں کے تعلقات کی شکلیں دکھائی گئی ہیں۔

۸۴- پھبتی، لفظی الٹ پھیر اور ضلع جگت کونسی صنف نثر کے حربوں میں شامل ہیں؟

۱) طنز و مزاح ۲) داستان ۳) سوانح عمری ۴) آپ بیتی

۸۵- الطاف حسین حالی اور شبلی نعمانی کی سوانح عمریوں کے پیش نظر کونسی سوانح عمری اور مصنف کا نام صحیح نہیں؟

۱) الکلام: شبلی نعمانی ۲) المامون: شبلی نعمانی

۳) حیات جاوید: الطاف حسین حالی ۴) الغزالی: الطاف حسین حالی

۸۶- تذکرہ "گلشن بے خار" کا مصنف کون ہے؟

۱) میر تقی میر ۲) نواب مصطفیٰ خان شیفتہ

۳) میر مہدی مجروح ۴) غلام علی مصحفی

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد



۸۷- کونسی تصنیف، سرسید احمد خان کی تصانیف میں شامل نہیں؟

۱) آثارالصنادید ۲) اسباب بغاوت ہند ۳) غبار خاطر ۴) سفرنامہ لندن

۸۸- ناول امراؤجان ادا کے بارے میں کونسی بات صحیح ہے؟

۱) یہ پر تکلف مضامین کا مجموعہ ہے۔
۲) اس میں لکھنوی تہذیب کا عکس بخوبی نظر آتا ہے۔
۳) یہ اردو نثر کی پہلی تمثیلی انداز کی کہانی ہے۔
۴) اس میں دہلی کی پرانی مجلسی زندگی کی عکاسی ملتی ہے۔

۸۹- کونسی بات ناول کے اجزائے ترکیبی میں شمار نہیں ہوتی ہے؟

۱) پلاٹ ۲) کردار ۳) منظر کشی ۴) مافوق الفطرت عناصر

۹۰- کونسی صنف نثر، غیر افسانوی نثر کی اقسام میں شمار ہوتی ہے؟

۱) رپورتاژ ۲) افسانہ ۳) ڈراما ۴) ناول

۹۱- کونسی ادبی شخصیت، انشائیہ نگار کے طور پر بھی بہت شہرت رکھتی ہے؟

۱) پریم چند ۲) وزیر آغا ۳) علامہ اقبال ۴) تحسین فراقی

۹۲- پطرس بخاری کس فن میں شہرت رکھتا ہے؟

۱) افسانہ نگاروں کے صف اول کے مصنفین میں
۲) اکیسویں صدی کے اچھے انشاء پرداز کے طور پر
۳) خالص مزاح نگاری کے بڑے علمبردار کے طور پر
۴) اردو ادب کی تاریخ میں پہلے رپورتاژ نگار کے طور پر

۹۳- کونسی بات پلاٹ کے تشکیلی عناصر میں شمار نہیں ہوتی ہے؟

۱) اختصار ۲) منتہا ۳) عروج ۴) آغاز

۹۴- افسانے کے تشکیلی اجزاء کی وضاحت کے سلسلے میں میں کونسی بات وحدت تاثر کی وضاحت ہے؟

۱) حقیقی زندگی کی عکاسی کو وحدت تاثر کہتے ہیں۔
۲) مافوق الفطرت عناصر کے اثر کو وحدت تاثر کہا جاسکتا ہے۔
۳) ایک ہی مقصد کو اجاگر کرنے کا نام وحدت تاثر ہے۔
۴) مختصر الفاظ میں کسی واقعے کے بیان کو وحدت تاثر کہا جاتا ہے۔

۹۵- جس کہانی کو ایک ہی نشست میں پڑھی جاسکے اور اس میں زندگی کی سچائیوں کا بیان ہو، اس صنف کو کیا کہتے ہیں؟

۱) داستان ۲) محاورہ ۳) افسانہ ۴) ضرب المثل

۹۶- "فردوس بریں" کے بارے میں کونسی وضاحت صحیح ہے؟

۱) میر تقی میر کی خودنوشت سوانح عمری ہے۔
۲) عبدالحلیم شرر کا ایک تاریخی ناول ہے۔
۳) قرۃالعین حیدر کی ایک طلسماتی داستان ہے۔
۴) مولوی عبدالحق کے مضامین کا مجموعہ ہے۔

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد



۹۷- ذیل کے مضامین میں سے کونسے مضامین مرزا فرحت اللہ بیگ کے مشہور "خاکے" ہیں؟

۱) چند ہم عصر - گنجے فرشتے
۲) ذاکر صاحب - مردم دیدہ
۳) ہم نفسان رفتہ - گنج ہائے گرانمایہ
۴) پھول والوں کی سیر - دلی کا ایک یادگار مشاعرہ

۹۸- کونسے ناول اور اس کے مصنف کا نام غیر مربوط ہے؟

۱) آنگن : خدیجہ مستور
۲) گئودان : پریم چند
۳) فسانہ آزاد : پریم چند
۴) بستی : انتظار حسین

۹۹- محققوں کے خیال میں تذکرہ نویسی کس صنف نثر کی ابتدائی شکل ہے؟

۱) تنقید نگاری
۲) انشائیہ نگاری
۳) مرقع نگاری
۴) مضمون نگاری

۱۰۰- ذیل کا فقرہ کونسی بات پر صادق آتی ہے؟

"تاثر کے اعتبار سے ڈرامے کی دو بنیادی اقسام ہیں۔"

۱) المیہ - طربیہ
۲) سوانگ - المیہ
۳) میلوڈراما - نثری ڈراما
۴) مخلوط ڈراما - یک بابی ڈراما

<u>*تاریخ ادبیات اردو:*</u>

۱۰۱- کونسے شاعر کی شاعری کو "دہلویت" اور "لکھنویت" کا حسین امتزاج کہا جاتا ہے؟

۱) میر حسن
۲) دیا شنکر نسیم
۳) شیخ امام بخش ناسخ
۴) خواجہ حیدر علی آتش

۱۰۲- بھگتی تحریک کب اور کہاں شروع ہوئی؟

۱) یہ تحریک آٹھویں صدی عیسوی میں جنوبی ہند میں شروع ہوئی۔
۲) یہ تحریک سندھ میں آٹھویں صدی عیسوی میں شروع ہوئی۔
۳) یہ تحریک شمالی ہند میں ساتویں صدی عیسوی میں شروع ہوئی۔
۴) یہ تحریک پنجاب میں نویں صدی عیسوی میں شروع ہوئی۔

۱۰۳- کونسی سلطنت میں دکنی زبان کو سرکاری زبان کا درجہ ملا؟

۱) دکن کی نظام شاہی سلطنت میں
۲) بیجاپور میں عادل شاہی سلطنت میں
۳) گولکنڈہ میں قطب شاہی سلطنت میں
۴) دکن میں مغل خاندان کی سلطنت میں

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد



۱۰۴- میر تقی میر کی شاعری کے بارے میں کونسی بات صادق آتی ہے؟
۱) انہوں نے اردو زبان میں مسدس ترکیب بند کی بنیاد رکھی۔
۲) میر تقی میر، اردو مرثیہ گوئی میں مرزا دبیر کے رقیب کے طور پر مشہور ہیں۔
۳) وہ قصیدہ گوئی میں خاقانی و انوری کے پائے کے شاعر ہیں اور اردو میں ان کا کوئی رقیب نہیں۔
۴) وہ سرتاج شعرائے اردو ہیں اور ان کا کلام اسی ذوق و شوق سے پڑھا جاتا، جس طرح سعدی شیرازی کا کلام فارسی میں۔

۱۰۵- اردو ادب میں رومانوی تحریک، کونسی تحریک کی عقلیت افادیت اور مقصدیت کے مقابلے میں وجود میں آئی؟
۱) ترقی پسند تحریک
۲) بھگتی تحریک
۳) علی گڑھ تحریک
۴) حلقہ ارباب ذوق کی تحریک

۱۰۶- اختر شیرانی کی شاعری پر کونسی بات صادق آتی ہے؟
۱) وہ اردو ادب کے خالص رومانوی شاعر کے طور پر مشہور ہیں۔
۲) علامہ اقبال کی تتبع میں، اختر شیرانی نے کئی اصلاحی نظمیں لکھیں۔
۳) اختر شیرانی انیسویں صدی کے مقصدی ادب کے شعراء میں شمار ہوتے ہیں۔
۴) وہ بیسویں صدی میں حلقہ ارباب ذوق کی تحریک کے بانیوں میں شمار ہوتے ہیں۔

۱۰۷- مرزا اسداللہ خان غالب کی شاعری کے ادوار کی وضاحت میں کونسی بات غلط ہے؟
۱) دور سوم میں غالب کی توجہ اردو شاعری کی بہ نسبت فارسی شعر گوئی کی طرف زیادہ ہو گئی۔
۲) دور چہارم کا آغاز سزائے قید کے المناک واقعہ سے ہوا اور اس کا اختتام ۱۸۵۷ میں جنگ آزادی پر ہوا۔
۳) دور اول میں غالب فارسی کے مشہور شاعر مرزا عبدالقادر بیدل اور صائب کے طرز سے متاثر ہے۔
۴) ۱۸۲۱ سے لے کر ۱۸۲۷، غالب کی شاعری کا چھٹا دور ہے، جس میں وہ دہلی سے آگرہ آکر مستقل طور پر سکونت اختیار کر لی۔

۱۰۸- حسرت موہانی کی غزل گوئی کے بارے میں کونسی بات غلط ہے؟
۱) انہوں نے اپنی غزل میں جذباتی رویے اور محبت کے تصورات کو ملا دیا۔
۲) حسرت نے اردو غزل کو ترک کرکے نظم گوئی میں شہرت حاصل کی۔
۳) انہوں نے قدیم و جدید رنگ غزل کو باہم اس طرح ملا دیا کہ ان کی غزل سے ہر رنگ اور ہر ذوق کا قاری متاثر ہوتا ہے۔
۴) ان کے کلام کے مطالعے سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ انہوں نے میر اور مصحفی جیسے اساتذہ فن سے فیض حاصل کیا ہے۔

۱۰۹- کونسی بات کو ناصر کاظمی نے میر تقی میر کے رنگ سخن سے اخذ کیا ہے؟
۱) ناصر نے میر کی تتبع میں سانیٹ میں طبع آزمائی کی۔
۲) ناصر نے اپنے قصیدوں میں میر کے قصائد کے موضوعات کو اپنایا۔
۳) ناصر نے غم پسندی اور درد کے احساس کو میر کے رنگ سخن سے اخذ کیا ہے۔
۴) جدید نظم کی طرف ناصر میر کی نظموں کے مطالعے سے مائل ہوئے۔

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد



۱۱۰- کونسی بات فیض احمد فیض کی شاعری کے موضوعات میں شامل نہیں؟
۱) فیض کے کلام میں طبقاتی کشمکش کے خلاف کوشش ملتی ہے۔
۲) فیض نے افغانستان میں روسی مظالم کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا۔
۳) فیض نے اپنے کلام میں نوآبادیاتی نظام کو بڑی شدت سے تنقید کا نشانہ بنایا۔
۴) فیض احمد فیض جبر و استحصالی قوتوں کے خلاف قلمی جہاد کرتے رہے تاکہ ان کے قاریوں میں طبقاتی شعور پیدا ہو۔

## ترجمه متون سیاسی، فرهنگی، ادبی و اجتماعی:

۱۱۱- مندرجہ ذیل فارسی فقرے کا صحیح اردو ترجمہ کونسا ہے؟
"جنگنده های ارتش اشغالگر اسرائیل، مراکز گروه های مقاومت فلسطینی در نوار غزه را بمباران کردند."
۱) قابض اسرائیلی فوج کے لڑاکے طیاروں نے غزہ کی پٹی میں فلسطینی مزاحمتی گروہوں کے ٹھکانوں پر بمباری کی۔
۲) مقبوضہ اسرائیلی فوج کے طیاروں نے غزہ کی پٹی میں فلسطینی لوگوں کے گروہوں کے مراکز پر بمباری کی۔
۳) تسلط یافتہ اسرائیلی افواج کے گروہوں نے غزہ میں فلسطینی مزاحمت کاروں کے مراکز پر بمباری کی۔
۴) مقبوضہ اسرائیلی مزاحمتی گروہوں نے غزہ کی پٹی میں فلسطینی لڑاکوں کے مراکز پر بمباری کی۔

۱۱۲- مندرجہ ذیل اردو سیاسی و صحافتی اصطلاحات کے ترتیب وار فارسی متبادل کیا ہیں؟
"انسداد دہشتگردی" - "انتہا پسندی" - "بے بنیاد افواہیں" - "ملک گیر ہڑتال"
۱) مبارزه با قاچاق کالا - افراط گرایی - شایعه پراکنی - اعتصاب کشوری
۲) مبارزه با تروریسم - نژاد گرایی - شایعات بنیادی - اعتصاب سراسری
۳) مبارزه با تروریسم - افراط گرایی - شایعات بی اساس - اعتصاب سراسری
۴) مبارزه با قاچاق کالا - نژاد پرستی - شایعات بی اساس - اعتصاب منطقه ای

ذیل کا متن پڑھ کر سوال نمبر ۱۱۳ صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

"رهبر کره شمالی، کیم جونگ اون، به دعوت رییس جمهور چین برای یک بازدید چهار روزه وارد چین شد. وی در این سفر با شی جن پینگ، رییس جمهور چین ملاقات کرد. رهبر کره شمالی به همراه همسر و تعدادی از مسئولین رده بالای کره، ده روز در چین اقامت خواهند داشت. به گفته رسانه های خارجی، هدف رهبر کره شمالی از سفر به چین، مذاکره برای دومین ملاقات با دونالد ترامپ است. افزون بر این رهبر کره شمالی برای کم تر شدن تحریم های جهانی هم از چین کمک می خواهد."

۱۱۳- کونسی بات مذکورہ بالا متن کے مختلف حصوں کے فارسی ترجموں کے پیش نظر غلط ہے؟
۱) شمالی کوریا کے رہنما کم جونگ اُن چینی صدر کی دعوت پر چین کے ۴ روزہ دورے پر بیجنگ پہنچے۔
۲) چین کے صدر اپنی اہلیہ اور اعلیٰ عہدے داروں کے ساتھ ۱۰ جنوری تک کوریا میں قیام کریں گے۔
۳) شمالی کوریا کے رہنما کم جونگ اُن عالمی پابندیوں میں نرمی کے لیے بھی بیجنگ کی مدد چاہتے ہیں۔
۴) غیر ملکی میڈیا کے مطابق شمالی کوریا کے دورہ چین کا مقصد، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ دوسری ملاقات کے لیے مذاکرات کرنا ہے۔

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد



ذیل کا متن پڑھ کر سوال نمبر ۱۱۴ صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

"پنجاب کے مختلف شہر شدید دھند کی لپیٹ میں ہیں جب کہ موٹروے کے مختلف حصے دھند کے باعث بند کر دیے گئے، اسلام آباد میں ہلکی بارش کے بعد موسم سرد ہوگیا اور بالائی علاقوں میں شدید برفباری کا سلسلہ جاری ہے۔ اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں ہلکی بارش کے بعد موسم مزید سرد ہوگیا جب کہ آزاد کشمیر کے ضلع کوٹلی کی تحصیل نکیال اور گردونواح میں گزشتہ رات سے وقفے وقفے سے بارش کا سلسلہ جاری ہے۔"

۱۱۴- اوپر کے مذکورہ متن کی رو سے کونسا فقرہ اس کے فارسی ترجمے کے پیش نظر غلط ہے؟

۱) در نواحی مرتفع بارش برف همچنان ادامه دارد۔

۲) بخش های مختلف بزرگراه به دلیل مه بسته شده است۔

۳) شهرهای مختلف ایالت پنجاب در محاصره برف قرار دارند۔

۴) پس از بارش باران در مناطق مختلف اسلام آباد هوا سردتر شده است۔

ذیل کا متن پڑھ کر سوال نمبر ۱۱۵ صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

"بر اساس آزمایش های انجام گرفته بر موش های آزمایشگاهی، با عادت کردن به خوردن سیب، خطرات آلزایمر کم می شود۔ فیبر موجود در سیب، از افزایش سطح قند خون جلوگیری می کند و سرعت خروج قند در خون کم می شود۔ در یک تحقیق کاشف به عمل آمد که کسانی که روزانه یک عدد سیب میل می‌کنند، درصد ابتلا به دیابت نوع دو، به میزان ۲۸ درصد در مقابل کسانی که این عادت را ندارند کم میشود۔ ترکیبات موجود در آب سیب به تعمیر عصب‌های آسیب دیده مغزی می پردازند۔"

۱۱۵- کونسی بات مذکورہ بالا متن کے مختلف حصوں کے اردو ترجمے کے پیش نظر غلط ہے؟

۱) سیب کے جوس میں موجود مواد دماغ کے نقصان زدہ خلیات کی مرمت کرتے ہیں۔

۲) سیب میں موجود فائبر خون میں شکر کے اخراج کی رفتار سست کرتے ہیں۔

۳) سیب کھانے کی عادت معمول بنانے سے الزائمر امراض کا خطرہ کم ہوتا ہے۔

۴) روزانہ ایک سیب کھانے سے ذیابطس ٹایپ دو کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد



ذیل کا متن پڑھ کر سوال نمبر ۱۱۶ سے لے کر ۱۱۷ تک کے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجیے:

"مری میں ۲ دن برفباری کے بعد سورج نکلنے سے موسم صاف ہو گیا تاہم سردی کی شدت برقرار ہے۔ اتوار کی صبح درجہ حرارت منفی ۴ ریکارڈ کیا گیا۔ بالائی علاقوں میں ۲ فٹ برف پڑنے سے موسم انتہائی سرد ہو گیا۔ ایبٹ آباد میں بھی برف باری ہوئی، کوئٹہ سمیت بلوچستان کے بیشتر اضلاع بھی شدید سردی کی لپیٹ میں ہیں۔ کوئٹہ کا پارہ منفی ۵ رہا۔ گذشتہ ریکارڈ کیے گئے سرد ترین مقامات کا درجہ حرارت اسکردو منفی ۸، بگروٹ، گوپس منفی ۷، ہنزہ، کالام منفی ۶ ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ ادھر جنوبی پنجاب اور بالائی سندھ میں صبح کے اوقات میں دھند چھائی رہی، کئی جگہ حد نگاہ صفر ہو گئی۔ موٹروے کو متعدد جگہ سے بند کرنا پڑا۔ پروازوں اور ٹرینوں کا شیڈول بھی بُری طرح متاثر ہوا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ ۲۴ گھنٹوں کے دوران پاکستان کے بیشتر علاقوں میں موسم شدید سرد اور خشک رہے گا۔ تاہم گلگت بلتستان، کشمیر اور اس سے ملحقہ پہاڑی علاقوں میں چند مقامات پر بارش اور پہاڑوں پر مزید برف باری جبکہ جنوبی پنجاب اور بالائی سندھ میں صبح کے اوقات میں دھند پڑنے کا امکان ہے۔

۱۱۶- کونسی بات مذکورہ بالا متن کے مختلف حصوں کے فارسی ترجموں کے پیش نظر صحیح ہے؟

۱) کالام با منفی شش درجه به عنوان سردترین منطقه ثبت شد.
۲) به دلیل بارش سنگین برف بزرگراه از چند نقطه مسدود شد.
۳) در مناطق مرتفع به دلیل بارش چهار فوتی برف هوا به شدت گرم نشد.
۴) در جنوب پنجاب و سند علیا صبحگاهان پدیدهٔ مه گرفتگی اتفاق افتاد و در چند نقطه میزان دید به صفر رسید.

۱۱۷- مذکورہ بالا متن کی رو سے کونسے الفاظ و تراکیب کا فارسی ترجمہ غلط ہے؟

۱) سردی کی لپیٹ: سرما پیچیدن
۲) ملحقہ علاقہ: منطقه پیوست
۳) محکمہ موسمیات: اداره هواشناسی
۴) پروازوں کا شیڈول: جدول پروازها

ذیل کا متن پڑھ کر سوال نمبر ۱۱۸ کے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

"نئے سال ۲۰۱۹ میں سورج کو تین بار گرہن لگے گا جبکہ چاند دو بار گرہن کے عمل سے گزرے گا، تاہم پاکستان میں ایک سورج اور ایک ہی چاند گرہن کا نظارہ ممکن ہو سکے گا۔ جنوری کو چاند کو پہلا مکمل گرہن لگے گا، ماہرین فلکیات اسے سپر بلڈ مون کا نام دے رہے ہیں، اس دوران چاند سرخ و نارنجی مائل سیاہ دکھائی دے گا، تاہم پاکستان، بھارت اور بنگلہ دیش سمیت کئی ممالک میں یہ دکھائی نہیں دے گا۔ سولہ اور سترہ جولائی کو ایک بار پھر چاند کو جزوی گرہن لگے گا، جسے پاکستان میں بھی دیکھا جاسکے گا، اس دوران چاند زمین سے قریب ترین فاصلے پر ہوگا۔"

۱۱۸- کونسی بات مذکورہ بالا متن کے مختلف حصوں کے فارسی ترجمے کے پیش نظر غلط ہے؟

۱) ماه گرفتگی ماه ژانویه در پاکستان و هندوستان دیده نخواهد شد.
۲) در سال ۲۰۱۹ سه بار ماه گرفتگی و دو بار ماه گرفتگی پیش خواهد آمد.
۳) در سال ۲۰۱۹ یک ماه گرفتگی جزئی در شانزده و هفده جولای اتفاق خواهد افتاد.
۴) در ماه گرفتگی جزئی در ماه جولای در پاکستان ماه در نزدیک ترین فاصله با زمین خواهد بود.

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد



۱۱۹- ذیل کی فارسی تراکیب میں سے کونسی ترکیب کا اردو ترجمہ صحیح نہیں؟

۱) پیٹھ پیچھے : پشت سر
۲) برکھا رت : شب بارانی
۳) بحری قزاق : کلانتر دریایی
۴) جراثیم کش بوٹی : گیاہ ضد میکروب

ذیل کا متن پڑھ کر سوال نمبر ۱۲۰ کے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

" پیش از این، زمانی کہ ہر دو مربی رئال مادرید و بارسلونا بودند، در لیگ فوتبال اسپانیا در مقابل ہم قرار گرفتہ اند۔ حضور تیم ایران با شکست تیم فوتبال ویتنام، در یک ہشتم نہایی جام ملت ہای آسیا قطعی شد۔ مربی تیم ایران گفتہ است کہ تیم ما عملکرد مورد نظر ما را بہ نمایش نگذاشت۔ تیم ما می توانست دو گل بیشتر بزند۔ "

۱۲۰- کونسا فقرہ مذکورہ بالا متن کے اردو تراجم میں شامل ہے؟

۱) ایران نے ایشیا فٹ بال کپ میں ویت نام کو ہرا کر، پری کوارٹر فائنل کے لئے کوالیفائی کر لیا۔
۲) ایرانی کوچ نے کہا ویت نام کی ٹیم نے وہ کارکردگی دکھائی جس کی توقع کی جا رہی تھی۔
۳) اس سے پہلے وہ دونوں فو۔ٹبالر یورپین فٹ بال لیگ میں بھی مدِ مقابل آ چکے ہیں۔
۴) ایرانی ٹیم کا کوچ اس سے پہلے رائل میڈرڈ اور بارسلونا کے مینیجر رہا ہے۔

آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست

مسترتست؛ وب سایت تخصصی آزمون کارشناسی ارشد



آخرین اخبار و اطلاعات کارشناسی ارشد در وب سایت مسترتست